حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: علم صرف کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 2: جَمَلٌ (اونٹ)، فِیْ (میں) اور جَلَسَ (وہ بیٹھا) کے معنی پر غور کرتے ہوئے اسم، فعل اور حرف الگ الگ کرکے نشاندہی کیجئے۔

سوال نمبر 3: فعل مجہول کسے کہتے ہیں؟ تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: ضمیر کسے کہتے ہیں؟ تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ضمیر مرفوع منفصل کسے کہتے ہیں؟ تعریف تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 6: فعل ماضی معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 7: فعل مضارع معروف بنانے کا طریقہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: "ضَرْبٌ" مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی صرف گردان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 9: حروف اصلیہ کسے کہتے ہیں؟ مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 10: ثلاثی مزید فیہ کی تعریف مثال کے ساتھ بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: حروف زائدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 12: اجوف واوی اور یائی کی تعریف اور مثال تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 13: "فاعل ذی کذا" کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: تَتَنَزَّلُ سے تَنَزَّلُ کیسے بنا؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 15: اسم فاعل اور صفت مشبہ میں کیا کیا فرق ہے؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 16: اُءْکُلْ، اُءْخُذْ اور اُءْمُرْ سے کُلْ، خُذْ اور مُرْ بن گئے۔ کیسے بنے؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 17: ثلاثی مزید فیہ مہموز الفاء از باب افعال کے مصدر "اِیْمَانٌ" (پناہ دینا) سے صرف صغیر کے تحت آنے والے افعل التفضیل اور فعل تعجب کے صیغے تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 18: مَدَّ اصل میں مَدَدَ تھا۔ مَدَّ کیسے بنا؟ قاعدہ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 19: مَدٌّ مصدر سے فعل امر حاضر معروف کی صرف گردان تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 20: عِدَةٌ مصدر سے فعل امر غائب و متکلم معروف کی صرف گردان تحریر کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: باب کسے کہتے ہیں؟ اور ثلاثی مجرد کے کون کون سے ابواب ہیں؟ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: درج ذیل میں سے کسی چار کی تعریف تحریر کیجئے۔

اسم فاعل صفت مشبہ اسم ظرف اسم آلہ اسم مبالغہ

سوال نمبر 3: یَدْعُوْ اور یَرْمِیْ اصل میں کیا تھے؟ قواعد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 4: اِقَامَةٌ اور اِسْتِقَامَةٌ اصل میں کیا تھے؟ قواعد تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 5: ثلاثی مجرد مضاعف ثلاثی از باب ضَرَبَ یَضْرِبُ جیسے فَرَّ یَفِرُّ (بھاگنا) سے صرف صغیر تحریر کیجئے۔